01/03/2026

12.30/PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزماں

جنگ

ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں سے مشرقِ وسطیٰ اور مغربی ایشیاءمیں زبردست کشید گی پیدا ہو گئی ہے۔ امریکی □در نے کہا ہے کہ دوران شب کئے گئے فضائی حملوں میناایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنائی مارے گئے ہیں۔

ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن نے بھی آیت اللہ خامنائی کے جان بحق ہونے کی ت□دیق کی ہے۔ خبروں کے مطابق ان حملوں میں40 اہلکاروں سمیت قریب201 افراد جان بحق اور700سے زیادہ زخمی ہو گئے ہیں۔

ایڈوائزری

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کئی خلیجی ممالک کے اپنے ہم من□بوں سے بات کر کے خطے میں سفارت کاری کے ذریعے امن بحال کرنے پر زور دیا ہے۔

مغربی ایشیاءمیں بھارتی سفارت خانوں نے اپنے باشندوں کو وقت وقت پر جار ی ہونے والے ہدایات پر عمل کرنے کی تلقین کی ہے۔ بھارت کی شہری ہوابازی کی وزارت نے کہا ہے کہ کشیدہ □ورتحال کے پیش نظر آج444پروازیں منسوخ ہونے کا امکان ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران کے سپریم رہنما آیت اللہ علی خامنائی کے جان بحق ہونے اور اُبھرتی □ورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے تمام مسلمان طبقوں سے پُر امن رہنے کی اپیل کر تے ہوئے ایسا کوئی بھی قدم اُٹھانے سے اجتناب کرنے کےلئے کہا ہے ، جو کسی غیر یقینیت کا باعث بن سکتا ہو۔

ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموںو کشمیر حکومت مرکزی وزارت خارجہ کے ساتھ اس بات کےلئے قریبی رابطے میں ہے کہ ایران میں موجود جموںو کشمیر کے طالب علموں اور دیگر افراد کو واپس لایا جا سکے۔

عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر پولیس اور انتظامیہ سے تاکید کی ہے کہ وہ ہر □ورت میںعوام دوست اقدامات کر کے لوگوں کے جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کےلئے انتہائی □بر و تحمل اور دانشمندی کا مظاہرہ کریں۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جموںو کشمیر کے نوجوانوں کو ان کے پسندیدہ میدانوں میں آگے بڑھنے کےلئے مناسب پلیٹ فارم اور بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔

رانجی ٹرافی میں جموںو کشمیر کی شاندار جیت پر ٹیم کو مبارکباد کو پیش کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ یہ موقع سب کےلئے باعث افتخار ہے۔ جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ جموںو کشمیر نے حبلی میں کرناٹک میں کو ہرایا کر رانجی ٹرافی کا خطاب پہلی بار اپنے نام کرلیا۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے پہلی بار رانجی ٹرافی کا فائنل جیتنے پر جموںو کشمیر کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ مبارکبادی کے ایک پیغام میں انہوںنے ہے کہ یہ تاریخی فتح ٹیم کی انتھک محنت اور لگن کا نتیجہ ہے۔

انہوںنے کہا کہ یہ شاندار جیت نئی پیڑی کے کرکٹ کے خواہشمند بچوں کےلئے باعث تحریک ہے۔ انہوںنے کہا کہ سرکار جموںو کشمیر میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کےلئے کمر بستہ ہے۔

چیف سیکریٹری

جموں و کشمیر میں پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا □حت کے تحت موجودہ پالیسی مرحلے میں666 کروڑ روپے کے دعووں کو منظوری مل گئی ہے۔ موجودہ پالیسی مرحلہ17اپریل2025 سے شروع ہوا تھا۔

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اس سلسلے میں سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کی 11ویں گورننگ کونسل کی ایک میٹنگ میں دعووں کی جانچ فوری طور کرنے اور پھر رقومات کی واگذاری میں سرعت لانے پر زور دیا ۔

اس رقم میں سے444کروڑ روپے کو سرکاری اداروں اور221کروڑ روپے کو پرائیویٹ اسپتالوں کے ذریعے سے منظور دی گئی ہے۔

ایوارڈ

گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کو میڈیکل کالجز ریسرچ کنکٹ2026 میں امتیازی ایوارڈ حا□ل ہو گیا ہے۔ یہ □حت و خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کے تحت ایک قومی کانفرنس ہو تی ہے ۔

نئی دلی میں منعقد ہ اس کانفرنس میں ملک بھر سے سو سے زیادہ میڈیکل کالجوں کے ریسرچ یونٹوں کے نمائندے ایک جگہ جمع ہوئے، جنہوننے بھارت میں بائیو میڈیکل شعبے کا تحقیقی بنیادی ڈھانچہ مضبوط کرنے کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا۔

DCکپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سو سے نے ضلعے میں ضلع کیپکس کے تحت دردست لئے گئے تعمیری کاموں کو پورے معیار کے ساتھ بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

ضلع کیپکس بجٹ2025-26کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہوننے پروجیکٹوں کی تعمیرمیں حائل رُکاوٹوں کو دور کرنے اور عمل آوری میں شفافیت اور باہمی تال میل یقینی بنانے کی ضرورت اُجاگر کی۔

نکڑ ناٹک

گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن سرینگر کی طرف سے سڑک سلامتی سے متعلق جانکاری عام کرنے کےلئے لالچوک میں ایک نکڑ ناٹک منعقد کیا گیا۔

کالج کی کلچرل کمیٹی کی کنوینر ڈاکٹر عِرفت آرا خان کی نگرانی میں منعقدہ اس پروگرام کے دوران ٹریفک قوانین پر عمل آوری کی اہمیت اُجاگر کی گئی۔

DCبڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کےلئے کئے جارہے اقدامات میں نئی جان ڈالنے اور اس بدعت پر قابو پانے کےلئے تازہ حکمت علمیاں مرتب کرنے پر زور دیا ہے۔

ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی میٹنگ کے دوران جانکاری دی گئی کہ فروری میں کے تحت13معاملات درج کئے گئے ہیں۔NDPSضلعے میں19سمگلروں کو گرفتار کر کے

بارہمولہDC

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ سید فخر الدین حامد نے بہبودی سکیموں کی تشہیر، شفافیت اور عوام دوست حکمرانی میں میڈیا کا شراکتی کردار اُجاگر کیا ہے۔

ضلعے کے □حافیوں کے ساتھ ایک تعارفی گفت شنید کے دوران انہوننے کہا کہ میڈیا کو معاشرے کے مفادات میں انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کرناچاہئے تاکہ سرکاری سکیموں کے فوائد عام لوگوں تک پہنچ سکے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

...